CC-0. Kashmir Research Institute, Srinagar. Digitized by eGangotri

مجرّبات حکمائے

یونان و فرانس

اِس کتاب میں مستند ڈاکٹروں اور ویدوں کے مجرّبات درج ہونیکے علاوہ

طاقتِ مردمی

کا

تیر بہدف اور لاثانی نسخہ

مجوّزہ فضیلت مآب جناب ڈاکٹر عبدالحمید صاحب [illegible] چیف میڈیکل آفیسر بھی درج ہے

بفرمایش منشی فضل الدّین فضل کریم تاجران کتب و مالکان فضل بکڈپو

فضل منزل نمبر ۲۷ لاہور

[illegible] گوردھن [illegible] سٹیم پریس لاہور [illegible] باہتمام لالہ [illegible] پرنٹر چھپا

گنجینہ صنعت یورپ و امریکہ

ممالک یورپ و امریکہ کے فلاسفروں موجدوں صناعوں اور بڑے بڑے سائینسدانوں کے قیمتی سربستہ راز جو کہ بڑی جانفشانی سے ہمیں ہاتھ آئے ہیں۔ وہ ایک کتاب کی صورت میں یکجا جمع کئے گئے ہیں۔ ان میں سے ایک کام بھی اگر کوئی جا لو کر لیوے تو مالا مال ہو جائیگا۔ یہ کتاب بے روزگاروں کے لئے حصول معاش کا ذریعہ ہے مثلاً کستوری اور زعفران بنانا۔ جاپان کی طرز کے جواہرات۔ موتی اور مختلف قسم کے بٹن۔ ریگ مار۔ گندھک کے گلاس جرمن سلور۔ ہاتھی دانت۔ مینڈل۔ سینگ کے کھلونے اور انگوٹھیاں۔ بوٹوں کے مالش۔ بال اڑانیکا پوڈر۔ موم بتی۔ بلاٹنگ پیپر۔ ہر قسم کی سرخ۔ سیاہ۔ بلیو جامنی رنگ کے لکھنے کی ٹکیاں اور گولیاں خوشبودار صابن و بال عمر بھر پیدا نہ ہونے کا نسخہ۔ رول پنسل سیاہ و رنگدار۔ دانتوں کے خوشبودار اور مفید منجن۔ مختلف قسموں کے ست۔ روح۔ عرق نکالنے کا طریقہ۔ فوٹوگرافی گھڑی سازی گلٹ سازی وغیرہ جنمیں اسکی قیمت ہے۔ اتنے میں کوئی ایک ہنر بھی نہیں سکھاتا۔ باوجود ان خوبیوں کے قیمت صرف عہ رعایتی ۸ر محصولڈاک بذمہ خریدار

خونی ڈاکو

سرکانن ڈائیل مشہور انگریزی ناولسٹ کے ایک ناول کا سلیس اردو ترجمہ جس میں ایک دولتمند کی سرگذشت زندگی جو بیشتر ازاں ملک آسٹریلیا میں رہزن کی زندگی بسر کرتا تھا۔ چلتے پھرتے سراغرسان کی روشنی طبع عشق و محبت داستان درد مظلوم کو مجبور کرنے کا برا انجام وغیرہ نہایت مشرح و مبسوط ہے۔ ناول کیا ہے ایک حیرت خیز و نصیحت آمیز تصنیف ہے۔ جس کے پڑھنے سے کبھی تو دل دھڑکنے لگتا ہے۔ کبھی آنکھوں میں آنسو نکل آتے ہیں۔ اور کبھی انجام ناول پر نعرہ تحسین بلند ہوتا ہے۔ غرضیکہ بے نظیر و قابل قدر ناول ہے قیمت صرف تین آنہ رعایتی ۳ر

منگوانے کا پتہ:۔ فضل بکڈپو فضل منزل ۲۷ لاہور

خاص صدری مجرّبات کا خزانہ

مؤلف کتاب ہذا نے اِس امر پر غور د خوض کرتے ہوئے کہ مشرقی ممالک میں آیورویدک اور یونانی طبّی علوم کے تنزل اور مغربی ممالک کے علم طب کی ترقی کے وجوہ میں ایک بڑی وجہ یہ ہے کہ یہاں مشرقی ملک میں اگر کسی نے کوئی ایجاد کی یا کوئی نسخہ کسی کو معلوم ہُوا تو اُس نے اُسے اپنے سینے میں مخفی رکھا اور اسی کے ساتھ دفن ہو گیا وہاں مغربی ملک میں اِسکے برعکس یہ حالت ہے کہ اگر کوئی شخص کوئی ایجاد کرتا ہے یا کوئی نسخہ اُس کے علم میں آتا ہے۔ تو وُہ اپنی ذات تک اِس کے فائدہ کو محدود نہیں رکھتا بلکہ ملک اور قوم کو اِس سے فائدہ پہنچاتا ہے انسانی دماغ نے بتدریج ہی اصلیّت کو پایا ہے اور ایک شخص کی کوشش و محنت کے بعد جو کمی رہ گئی ہے اسکو دوسروں نے پُورا کر دیا (۲) ڈاکٹری دوائیں جس قدر دریافت ہوتی گئیں علمی انجمنوں کے سپرد ہوتی گئیں انجمنوں نے اِس کی چھان بین کر کے جو کمی تھی اس کو پُورا کر دیا اور اپنی طب کی عزّت کو بڑھایا +

ہمارے یہاں جو نسخے حکیموں یا ویدوں کے مخصُوص مجرّبات سے ہیں انکو گنج مخفی قرار دیا جاتا ہے یہی وجہ ہے کہ نہ تو اُنکی کمیاں پوری ہو سکتی ہیں نہ ان کے فوائد عوام ہو سکتے ہیں بعض واقعات میں کہ اس اخفا اور پوشیدگی نے نہایت بیش قیمت نسخوں کو دنیا سے نابود کر دیا۔ اور چھپانے والے اونہیں بھی اپنے ساتھ دبائے قبر میں لے گئے۔ اگر یہ بیش قیمت نسخے ناپید نہ ہوتے اور آج تک ملک میں موجود ہوتے

ظاہر ہے کہ ہماری پسندیدہ طبوں کی وقعت اور عزت میں کس قدر اضافہ کر دیتے یہ بہت بڑا نقصان ہے جو ہماری ویدک اور یونانی طبوں کو اٹھانا پڑا ہے بسا غنیمت ہو اگر اس نقصان کا سلسلہ اسی زمانہ میں ختم ہو جائے اور جس قدر نقصان ہو چکا وہ ہو چکا۔ اور نہ ہو۔ آل انڈیا ویدک اینڈ یونانی طبی کانفرنس کے اجلاس میں ملکی اطباء اور وید صاحبان کی مفید بحثوں اور سرگرم کوششوں سے باہمی تبادلہ خیالات کا جب سلسلہ شروع ہوا تو یہ مسئلہ بھی کانفرنس کی پیشی میں آیا اور بہت سے بھی خواہ طبی فنون نے جن میں ہمارے عالی جناب **مسیح الملک بہادر حکیم حافظ محمد اجمل خانصاحب** کا نام خاص طور پر قابلِ اظہار ہے اپنے ذخیرہ معلومات سے تمام برادران اور اہل ملک کو فائدہ پہنچانے اور فیاضی کا کامل ثبوت دینے کی غرض سے اپنے عزیز ترین تجربات صدری کا انکشاف باہمی مشورات سے قرار دیا گیا اور کہا گیا کہ ہمیشہ کیلئے اپنے تجربات پیش کرنے والے حضرات کی حوصلہ افزائی کی جائے اسی ریزولیوشن کی تائید میں سب سے پہلا قدم کارخانہ روح امرت نے پبلک کی خدمت میں پیش کر کے اپنی فیاضی کا ثبوت دیا ہے امید ہے کہ تمام ہم پیشہ بھائیوں کے روبرو کارخانہ روح امرت مجموعی فیاضی اور ہمدردی اور روشن خیالی ظاہر کریگی۔ ہمارا خیال ہے کہ علاوہ عوام الناس ہر طبیب اور وید۔ اس کامیاب صدری یونان۔ فرانس۔ جرمنی کے تجربات سے فائدہ اٹھا سکیں گے۔

آخر میں میں کارپردازان کارخانہ روح امرت کا گرمجوشی کے ساتھ شکریہ ادا کرتا ہوں جنہوں نے فیاضانہ اور ہمدردانہ طور پر تمام پبلک میں اپنے تجربات انہی بات کو پیش کرنے کی اجازت دی۔

طاقتِ مردمی کا شہنشاہ

عطیہ جناب ڈاکٹر عبد الحمید خان صاحب سابق چیف میڈیکل آفیسر آف افغانستان

یہ نسخہ ہمارا ہزار ہا مریضوں پر آزمودہ ہے۔ ہر قسم کی کمزوریوں کو رفع کرکے انسان کو قوی ہیکل بنا دیتا ہے۔ دل و دماغ تمام اعضائے رئیسہ کو فائدہ بخشتا ہے۔ نسخہ

آب انگور۔ آب پان۔ آب نارنج۔ آب سیب۔ شیر برگ بڑھ۔ آب انار۔ آب بیخ کیلہ

اپاؤ اپاؤ اپاؤ اپاؤ اپاؤ اپاؤ اپاؤ

عرق روح کیوڑہ۔ روح بید مشک۔ روح گلاب۔ مومیائی اصلی۔ سلاجیت

اپاؤ اپاؤ اپاؤ ٦ ماشہ

الائچی۔ ملٹھی۔ عناب ولایتی۔ رب السوس۔ کیسر۔ مغز بادام۔ مغز پستہ

اچھٹانک اچھٹانک آدھ پاؤ اچھٹانک دو تولہ اسیر اپاؤ

برادہ فولاد۔ شہد خالص۔ قند کہنہ۔ صندل بور۔ عرق گاؤزبان و گل گلاب

٨ تولہ ایک سیر ایک سیر اچھٹانک ۲ بوتل ۔ یکپاؤ

برہمی۔ سونف رومی۔ لونگ۔ انجیر ولایتی۔ مشک۔ عنبر۔ شقاقل

پاؤ پاؤ بھر چھٹانک اپاؤ ۲ ماشہ ۳ ماشہ اچھٹانک

بوزیدان۔ جلوتری۔ آب جوش۔ بسفائج۔ بہمنین۔ تودری۔ ان سبکو

اچھٹانک اچھٹانک ایک پاؤ ایک چھٹانک اچھٹانک ایک چھٹانک

کوٹ کر ایک بیام میں ڈالکر چالیس روز زمین میں دفن کردیں۔ نیچے اوپر گھوڑے کی لید ڈالدیں۔ بعد ایام مقررہ اس کو نکالکر نالچہ لگاکر عرق کشید کریں عرق کشید ہو

پنے تو پھر اُس کو دوبارہ نسخہ ذیل میں ملا کر پھر عرق کشید کریں۔

گل گلاب (۴۰ تولہ) - گل بید مشک (۴۰ تولہ) - گل کیوڑہ (۴۰ تولہ) - گل گاؤزبان (۲۰ تولہ) - مروارید ناسفتہ (۳ ماشہ) اور یا قوت کھرل شدہ ملا کر زعفران اصلی - نالچہ کے بند میں رکھ کر عرق کشید کر کے بوتلوں میں بھر لیویں۔

اسکی خوراک کم سے کم ۱۰ بوند اور زیادہ سے زیادہ ایک تولہ تک ہو سکتی ہے۔

یہہ نسخہ جو آپ کو ہم نے کوڑیوں کے مول میں دے دیا ہے ہم جانتے ہیں کہ مفت کی چیزوں کی قدر نہیں ہوتی مگر اپنے ضمیر سے مجبور ہیں اس لئے پبلک کی آگاہی کیلئے ہم نے اس کو تحریر کر دیا۔ یہ نسخہ ہمیں سالہا سال کی محنت شاقہ اور صرف زر کثیر کے بعد ہاتھ آیا کیونکہ ہم چاہتے تھے کہ کوئی ایسی خوش ذائقہ اور نفیس اور لطیف دوائی مرتب ہو جائے جس کے چند قطرے حلق کے اندر جاویں۔ اور جاتے ہی خون ہو جاویں مدتوں کی محنت سے جب اس دوائی کو طیار کیا تو کئی مریضوں پر تجربہ کیا گیا۔ خدا کا شکر ہے کہ ہمیں اس نسخے کے مہیا کرنے میں پوری کامیابی حاصل ہوئی اب اگر آپ کے دل و دماغ میں کوئی بھی شکایت ہو تو آپ فوراً اس نسخے کو بنوا کر استعمال کریں۔ یہ ایک آب زر سے لکھنے کے قابل نایاب اور مجرب نسخہ ہے۔

علامات مرض خاصیت و ترکیب استعمال

یہ نسخہ طاقت مردمی کا شہنشاہ ان لوگوں کے واسطے مفید ہے جو بباعث سخت محنت دنیاوی یا کسی مہلک بیماری یا بچپن کے زمانے یا جوانی کی بے پرواہ حالتوں میں اپنے ہاتھوں جڑھ کاٹ بیٹھے ہوں یا نشہ شراب وغیرہ وغیرہ کے باعث سخت کمزور سے کمزور ہو گئے ہوں اور مندرجہ ذیل امراض میں گرفتار ہو کر زندگی سے بیزار ہو گئے ہوں۔ انکے لئے یہ نسخہ تریاق کا حکم رکھتا ہے اور نہایت مفید دوا ہے مثلاً کمزوری دماغ سر کا چکرانا چہرے

کا پیلا پن آنکھوں کے آگے اندھیرے کا چھا جانا دل کا دھڑکنا کمر میں درد۔ سر میں درد پیاس کا بار بار لگنا غذا کا ہضم نہ ہونا۔ تھوڑے چلنے سے سانس گھبر جانا۔ اور تھک جانا۔ اختلاج قلب۔ ضعف باہ۔ ضعف اعصاب دماغ سے پانی کا آنا ضعف جگر۔ ضعف معدہ دیرینہ کھانسی پیشاب کا بار بار یا جلن سے آنا۔ جسم میں خون کے بالکل کم ہونے کے باعث ہر بات پر بزدل ہونا۔ کسی کام میں دل کا نہ لگنا یا حافظہ کی کمزوری کسی بات کا یاد نہ رہنا۔ ہر وقت وہم میں مبتلا ہو کر تمام رگ پٹھے سست کمزور ہونا **مالیخولیا** یا جگر و معدہ کی کمزوری کے باعث بھوک کا بہت کم ہونا یا طبیعت کی بے چینی۔ یا نیند کا بہت کم آنا یا منی کا پتلا ہو کر پیشاب کے ساتھ خارج ہو کر **سستی نامردی** کا واقعہ ہونا۔ الغرض ہر قسم کی کمزوریوں کے واسطے یہ نسخہ نیر بہدف مقوی دوا ہے۔ جو دوہی روز میں قوت رجولیت کو بڑھانا ہی شروع کرتا ہے اور انسان کو چند ہی یوم کے استعمال سے بہادر شجاع اور دلیر بنا دیتا ہے۔ نیز خون صالح پیدا کر کے اعضائے رئیسہ کو راحت بخشتا ہے کیونکہ طاقت مردمی کا شہنشاہ حلق سے اترتے ہی اُن اعضا پر اپنا اثر کرتا ہے کہ جن کا مدار دل و دماغ پر ہے۔ سٹوڈنٹ وکلا بیرسٹر وغیرہ غرضیکہ ہر قسم کے دماغی کام کرنے والوں کے واسطے ازحد مفید ہے دیگر ان مستورات کے لئے مفید ہے جن کے گھر اولاد نہ ہو۔ اس کے استعمال سے بفضل خدا مستورات کے جملہ نقص اور شکایات دور کر کے صاحب اولاد کر دیتا ہے۔ اسکو تندرست مرد عورت بچہ جوان۔ بوڑھا ہر حالت اور ہر موسم میں استعمال کر سکتا ہے۔ جسم کو توانا اور معدے کو درست کر دیتا ہے۔ اور چند ہی یوم میں ذہین عقلمند اور ہوشیار بنا دیتا ہے۔

نوٹ۔ نسخہ کو تیار کرتے وقت پھلوں وغیرہ کے تازہ پن مہیا کرنے کا لحاظ ضروری ہے۔ اگر رکھنا ہو پنساری کی بجائے کسی بڑی دوکان سے تازہ بتازہ خریدیں کیونکہ پرانی جڑی بوٹیاں اگر رکھنے سے خراب ہو جاتی ہیں اگر پنساری بھی احتیاط لازمی سمجھئے۔

ترکیب استعمال نسخہ طاقت مردمی کا شہنشاہ

ع۱ سر درد۔ کمزوری دماغ۔ سر کا چکر آنا۔ چہرے کا پیلا پن۔ آنکھوں کے آگے اندھیرے کا آنا۔ دماغ سے پانی کا آنا۔ ان سب امراض میں صبح کے وقت عرق گلاب دو تولہ بادام روغن ایک تولہ میں ڈالکر آگ پر رکھکر پانی کو جلا دیویں۔ جب صرف بادام روغن رہ جائے تو اس میں یہ ملاکر نوش کریں۔ خوراک ایک تولہ سے شروع کریں۔ اور غذا اس کے ساتھ مرغن اور مقوی استعمال کریں اور ورزش اور کھلی ہوا کی سیر روزانہ جاری رکھیں +

ع۲ ضعف اعصاب۔ ضعف جگر میں ہر روز ایکتولہ دودھ ملاکر نہار پیٹ پی لیا کریں غذا مرغن کھائیں۔ ورزش اور باغ کی سیر روزانہ لازمی ہے۔

ع۳ درد کمر یا پیشاب کا بار بار آنا۔ یا جلن سے آنا۔ ہلیلہ زرد ہر روز رات کے وقت نوش کر کے سو جایا کریں صبح کے وقت بستر سے اٹھتے ہی آب تازہ کے ہمراہ ایک تولہ یہ مرکب استعمال کر لیا کریں اور درد کی جگہ پر کمر میں کیفر آئل اور روغن زیتون ملاکر مالش کریں +

ع۴ پرانی کھانسی یا ضیق النفس وغیرہ کے لئے ایک تی آر دملٹھی میں۔ ایک تولہ یہ مرکب ملاکر استعمال کریں۔ غذا مرغ کا گوشت یا تیتر۔ بٹیر۔ کبوتر۔ چٹیر وغیرہ از حد مفید

ع۵ مالیخولیا۔ یا بے چینی۔ بزدلی۔ کمی حافظہ ہر روز ایک بڑھد کا تازہ دودھ منگا ایک تولہ اس مرکب میں ملاکر استعمال کریں غذا میں سرخ مرچ اور گرم مصالحوں سے پرہیز کریں [illegible] ہے +

عدکمی خون منی کا پتلاپن یا ضعف باہ۔ سستی نامردی وغیرہ ہیں۔ زردی بیضہ
مرغ۔ شہد خالص ہمراہ اس ترکیب کا ۱۔ تولہ ملا کر ہر روز نوش کریں جماع سے پرہیز
خوراک دودھ گھی جس قدر کھائیں ہضم ہوگا۔ اگر آپ تیار نہ کر سکتے ہوں تو نارکلی دفتر روح امرت ہے
سے تیار شدہ ہمراہ ہے پر فوراً طلب فرماویں۔

جناب حکیم محمد حبیب اللہ خاں صاحب ابن حبیب ایم۔ آئی۔ ای۔ ایس

دواخانہ یونانی اجمیر کے مجربات سے یہ نسخہ قوت باہ کے لئے از حد مفید پایا ہے
جو کہ ہر قسم کے مخلوق کی جملہ امراض کو رفع کرتا ہے۔ مثل تریاق ہر قسم کی نامردی کیلئے
مفید ہے۔ جس کا روز اول ہی اثر معلوم ہوتا ہے۔ عیاں راچہ بیان۔

نسخہ سافسٹ پل فارسفورس۔ اکسٹراکٹ نکس وامیکا۔ اکسٹراکٹ دمیانہ
۳ ماشہ ۲ ماشہ ۶ ماشہ

جوہر فولاد۔ جدوار خطائی۔ مومیائی۔ مشک۔ عنبر اشہب۔ ورق نقرہ
۱ ماشہ ۱ ماشہ ۱ ماشہ ۱ ماشہ ۱ ماشہ ۲ ماشہ

ورق طلاء۔ ریگ ماہی۔ خراطین مصفا۔ بیر بہوٹی۔ جند بیدستر اصلی۔ مغز پستہ
۱ ماشہ ۲ ماشہ ۳ ماشہ ۳ ماشہ ۱ ماشہ ۳ ماشہ

مغز بادام۔ مغز سر کنجشک نر۔ زعفران عمدہ۔ روبیاں۔ عقر قرحا۔ صدف صادق
۳ ماشہ ۳ ماشہ ۳ ماشہ ۲ ماشہ ۳ ماشہ ۳ ماشہ

شاخ مرجان۔ مصطگی رومی۔ عود صلیب۔ ثعلب مصری۔ شقاقل مصری۔ بہمنین
۳ ماشہ ۴ ماشہ ۳ ماشہ ۳ ماشہ ۳ ماشہ ۳ ماشہ ۳ ماشہ

جوز بویا۔ مایہ شتر اعرابی۔ زنجبیل۔ سب چیزوں کو کوٹکر شہد اور عرق بادیان میں
۲ ماشہ ۲ ماشہ ۳ ماشہ کھرل کریں۔ گولیاں بقدر نخود بنا لیویں۔

رات کے وقت ہمراہ دودھ گاؤ استعمال کریں۔ ایک گولی صبح اور ایک گولی شام کو استعمال کریں +

یہ جبُوب قوت باہ کے لئے بے نظیر ہیں۔ یہ جبوب اون بیزار شدہ زندگی کے لئے ازحد مفید ہے جنہوں نے بچپن کی ناجائز اور ناشائستہ حرکات میں مرتکب ہو کر اپنے بے بہا خزانہ منی کو بے فائدہ ضایع کر دیا ہو اور اب کفِ افسوس ملنے کے علاوہ اور کوئی شیوہ نہ ہو بلکہ کاہلی سستی کا پیش خیمہ لگ گیا ہو چہرے پر بے رونقی کے آثار نمایاں ہو گئے ہوں اور اولاد یا تو پیدا نہ ہوتی ہو یا زرد رُو اور دبلی یا زندہ نہ رہتی ہو یا صرف لڑکیاں پیدا ہوتی ہوں یا خواہش جماع کم پیدا ہوتی ہو۔ اِن سب حالتوں میں ان گولیوں کے استعمال سے انسان باقاعدہ بلیس مرد کے برابر طاقت پیدا کر سکتا ہے یہ نسخہ ہمیں کئی سال کی محنت کے بعد حاصل ہوا تھا۔ بے شمار مریضوں پر استعمال کر کے آزمایا گیا ہے کبھی اس نسخے نے خطا نہیں کی اور اس کی تصدیق .... ان کو ۳۰ یوم تک استعمال کرنا انسان کو لوہے کی لاٹھ بنا دیتا ہے۔ پھر عمر بھر اِس کو شکایت نہیں ہوتی نہایت مجرب اور سریع الاثر اکسیر تیر بہدف گولیاں طیار ہوتی ہیں +

نوٹ۔ ادویات کو خریدتے وقت اِس امر کا ضرور لحاظ رکھیں کہ دوائیں "تازہ اور عمدہ مصفا ہوں۔ نہ دوائیں خرید کر ضروری ہے کہ کسی حکیم کو دکھلائی جاویں اور کوئی دوا پرانی اور سڑی گلی نہ ہوں۔ اگر ایک بھی دوا خراب ہو گی تو یہ گولیاں مُفید ثابت نہ ہوں گی +

تیار دوائی قیمت پانچ روپیہ ہے +

لاہور۔ انارکلی نمبر ۱۷۔ دفتر روح امرت سے ملتی ہے

جلق اغلام و کثرت مباشرت کی کیفیت معہ علاج

جلق کی کیفیت سے ناظرین واقف ہونگے کہ ہاتھوں سے دست رسی کرنا یا کسی کپڑے سے کرنا اور منی کا اخراج کرنا یہ عادت ایسی قبیح ہے جسکا ذکر فضول گویا

ترکیب۔ ہر روز رات کو سیون حشفہ چھوڑ کر مالش کریں اوپر سے برگ پان باندہیں ڈورا لپیٹ دیویں اگر تکلیف محسوس ہو تو مکھن لگا دیویں۔

طلا نمبر ۲

بیخ سوسن۔ گندھک۔ بیخ کنار۔ سوہاگہ۔ نلسل میٹھا تیلیہ۔ سجی سفید۔ لکہن گنی کٹھ تلخ۔ اجواین خراسانی۔ کچلہ۔ بھلادر۔ مغز جمالگوٹہ۔ تخم دھتورہ۔ افیون ملکی۔ تخم گاجر۔ تخم ترمزہ۔ تخم پیاز جنگلی۔ جند بید ستر۔ چربی شیر۔ چربی ریچھ۔ چربی مگرمچھ۔ چربی مرغابی۔ مغز کنجشک نر۔ کبوتر کی بیٹھ۔ زردی انڈہ ہر ایک تولہ تولہ لیکر ایک جگہ جمع کر کے بذریعہ آتشی شیشہ تیل نکالیں ہر روز رات کو حشفہ سیون چھوڑ کر اعضائے تناسل کے اوپر مالش کر کے برگ پان رکھ کر سوت خام سے باندھ دیویں۔ بعض اشخاص کو تین یوم میں آبلہ پیدا ہوتا ہے۔ جو کہ مکھن لگانے سے جاتا رہتا ہے اگر آبلہ نہ پیدا کرنا ہو تو اس تیل میں دو تولہ روغن بادام ملا دیویں مگر روغن بادام ملانے سے اس کی خاصیت کم ہو جاویگی۔ اس لئے بہتر ہے کہ خالص تیل کی مالش کی جاوے۔ یہ نسخہ طیار کرنیکے وقت نہایت احتیاط کی ضرورت ہے دوسرے دوائیں نہایت احتیاط سے خرید کریں اگر یہ نسخہ مکمل بنا بنایا منگوانا چاہیں تو دریافت طلب امور کے لئے کارخانہ روح ادویات انارکلی لاہور سے ۱۲ ماشہ شیشی بالعوض پانچ روپے پر منگوا لیں۔ یا خود طیار کر لیں۔

آتشک

آتشک جیسی خطرناک موذی مرض اور کوئی نہیں واقعی آتشک کا پرکالا سب بیماریوں سے نرالا اس کا پھیلا صحت پاتا نہیں یہ نامراد موذی مرض کئی کئی پشتوں تک جاتا نہیں آتشک کی دو قسمیں ہیں نر اور مادہ ہیں اس کے تین درجے ہوتے ہیں پہلے درجے میں زخم عضو مخصوصہ پر ہوتا ہے۔ دوسرے درجہ میں پہنچکر کل جسم کے خون کو زہریلا کر دیتا ہے۔ تیسرے درجے کا مرحلہ آخری ہے کہ تمام جسم کے اندرونی اعضا کو ساڑ کر جلا دیتا ہے۔ علامت نر آتشک۔ آتشک والی عورت سے مرد کو اور آتشک والے مرد سے عورت کو جماع کرنے سے یہ مرض اس طرح ہوتی ہے کہ اس کا سمی مادہ جسم کے اندر فوراً داخل ہو جاتا ہے اور جہاں سے یہ نامراد آگ داخل ہو جاتی ہے۔ زخم ہو جاتا ہے پہلے اس کا زخم سپاری پر ہوتا ہے آتشک کا زہر بدن میں داخل ہونے کے ایک یوم بعد ہی جس مقام پر زخم ہوتا ہے وہاں مرض نمودار ہو کر پھنسی بن جاتی ہے پھر وہی پھنسی چھالہ بن جاتا ہے۔ چھالے کا منہ کسی قدر سیاہ ہوتا ہے۔ اور یہی چھالا دنبل کی شکل بن جاتا ہے۔ قریباً ہفتہ عشرہ گذرنے کے بعد وہ پردہ بھی اُڑ جاتا ہے اُسپر ایک اور ننگا زخم دانہ ماش کے برابر نمودار ہوتا ہے ایسا معلوم ہوتا ہے۔ جیسا کسی نے جسم پر آگ کی چنگاری رکھی ہوئی ہے نیند حرام ہو جاتی ہے۔ بیچارہ مریض ہائے ہائے کر کے بےچین ہو جاتا ہے۔ علامات مدین آتشک اس میں خفیف سا زخم ہوتا ہے یعنی نہایت چھوٹا سا اس سے مریض کو چنداں تکلیف نہیں ہوتی بعض دفعہ یہ زخم آلہ تناسل پر نہیں ہوتا بلکہ جسم کے کسی اور حصے پر ظاہر ہوتا ہے اور اس میں

شک نہیں کہ مدین آتشک کا زہر جسم میں داخل ہو کر اسوقت ظاہر ہوتا ہے مگر کسطرح کے مریض کو معلوم تک نہیں ہوتا بعض دفعہ چھوٹا سا زخم ہوتا ہے مگر اسکی مریض پرواہ نہیں کرتا۔ زرد آلو خشک نیم سیر پختہ۔ پوست بندا ہندی نیم سیر پختہ ان ہر دو کو پہلے تک کوٹیں کہ مثل مرہم ہو جاویں پھر غلولہ بنا کر درمیان میں ایک چھٹانک پختہ نوشادر بند کر کے گل حکمت کر کے ۱۰ سیر پختہ کی آنچ دیویں سرد ہونے پر نکال کر نشادر سمرنگ سفید قایم النار برآمد ہوگا پھر ایک چھٹانک پختہ کلس ابیض میں نوشادر ملا کر باریک پیس لیں اور چینی کی رکابی میں ڈال کر شبنم میں رکھیں۔ صبح تمام روغن نشادر ہو جائیگا پھر ایکتولہ رسکپور کی ایک ڈلی لیکر روغن تیار شدہ میں ڈالکر ملایم آتش پر یہانتک پکائیں کہ روغن جذب ہو جائے۔ پھر ایک عدد پیاز نرگس میں رسکپور بند کرکے ۱۰ آثار اوپلہ خانگی کی آنچ دیں سرد ہونے پر نکالیں۔ رسکپور سفید شگفتہ کشتہ برآمد ہوگا ایک چاول روزانہ ہمراہ برگ پان یا منقہ یا مسکہ دو ہفتے کھانے سے ہر درجہ کا آتشک بدوں منہ دور ہو جائے اور نامردی و ضیق النفس یعنی دمہ کے لئے بھی اکسیر ثابت ہوا ہے۔ (از امیر)

دیگر

کشتہ سم الفار آتشک کیلئے نہایت بے نظیر ہے سم الفار زرد ایک تولہ کو برگ تلسی کے پانی میں تین یوم کھرل کریں جب خشک ہونے پر ٹکیاں بنالیں اور کوزہ گلی میں رکھکر گل حکمت کریں چاولوں کی بھسی ایک سیر لیکر کوزہ اس کے بیچ میں رکھدیں اوپر دہکتے ہوئے کوئلے رکھ دیویں اور سرد ہونے پر کشتہ مذکورہ کو نکال لیں خوراک بقدر ایک چاول ہمراہ مکھن استعمال کریں۔

CC-0. Kashmir Research Institute, Srinagar. Digitized by eGangotri

از تجربات جناب حکیم محمد الطاف صاحب انصاری دام الطافہم....

دوائیکہ تپ دق رامفید است۔ ورق نقرہ یک عدد خمیرہ صندل ۴ ماشہ راحل کردہ بخورند۔ بالائش عرق گاؤزبان در شربت نیلوفر ۲ تولہ آمیختہ بنوشند

(ایضاً) طباشیر۔ ست گلو۔ رب السوس ہر ایک نیم ماشہ کھرل کردہ بعوق با قلا ۲ تولہ سرشتہ ورق نقرہ یک عدد حل کردہ بخورند۔

(ایضاً) ورق نقرہ یک عدد خمیرہ صندل ۴ ماشہ بعوق باقلا ۲ ماشہ حل کردہ بخورند بعد بشب سنجر ایک ماشہ با عرق گاؤزبان ۱۰ تولہ سائیدہ شربت نیلوفر ۲ تولہ آمیختہ بنوشند۔

نسخہ احتلام سرعت

حکیم محمد اصلح صاحب مارہرہ ضلع ایٹہ

مجربہ جناب حکیم محمد اصلح صاحب مارہرہ ضلع ایٹہ۔ گوند ڈھاک ۲ تولہ گوند کیکر ۲ تولہ پھلی کیکر ۲ تولہ چھال کیکر ۲ تولہ۔ موصلی سیاہ ۲ تولہ موصلی سفید ۲ تولہ موصلی سنبھل ۲ تولہ۔ تالمکھانہ ۲ تولہ۔ اندر جو شیریں ۲ تولہ۔ بہمن سرخ دو تولہ مصری ہموزن ملادی جاوے ایک تولہ روزانہ بوقت صبح دودھ گاؤ شیر گرم کے ساتھ کھانا چاہئیے تین ہفتہ استعمال کیا جاوے

فوائد۔ احتلام سرعت۔ ضعف دماغ وغیرہ جملہ شکایات رفع ہو جاتی ہیں مادہ منوی کی تولید زیادہ باہ میں ترقی دیتا ہے۔

روغن عقرب کہ سنگ مثانہ کو پارہ پارہ کرکے خارج کرتا ہے

ریوند چینی ۲ تولہ۔ سعد کوفی ۲ تولہ۔ پوست بیخ کنیر ۲ تولہ۔ روغن بادام تلخ

یک رطل دواؤں کو کوٹ چھان کر روغن شیشی میں ڈالکر ایک ہفتہ دھوپ میں رکھیں بعدہ چھان کر عقرب زندہ ۱۰ عدد حسب دستور شیشے میں ڈالکر منہ بند کر کے پھر ایک ہفتہ دھوپ میں رکھیں اس کے بعد دو قطرے احلیل میں ٹپکائیں۔

دوا اٹھراہ

عورتوں کا ایک مرض جس کو عرب روم مصر و ولایت اطبا نے ذکر کیا ہے ہمارے ملک میں بکثرت دیکھنے میں آتا ہے۔ اسکو دیسی زبان میں اٹھراہ یا آٹھرا کہتے ہیں اس میں بعض عورتوں کو مقررہ وقت پر اسقاط ہو جاتا ہے بعض کے بچے قبل از وقت یا پورے دنوں مردہ پیدا ہوتے ہیں۔ جن کے زندہ پیدا ہوں۔ وہ طرح طرح کے عوارضات سے چلے ہیں یا کچھ مدت بعد ضائع ہو جاتے ہیں۔ ایک مریضہ کے بچوں کو میں نے دیکھا بعد ولادت یرقان میں مبتلا ہو کر اور ایک بچے بعد ولادت نیلے اور سیاہ رنگ کے بدل بدل کر مرجاتے تھے اور مذکورہ بالا عوارضات سے مبتلا شدہ مریض تو ہمیشہ دیکھنے میں آئے ہیں جنکو اس نسخہ کے استعمال سے بفضلہ تعالیٰ ہمیشہ کامیابی ہوئی ہے جب یہ نسخہ حسب ہدایت جاری ہے تو بعد ولادت جو مرض بچوں میں پیدا ہو فوراً جدوار خطائی بقدر ۲ برنج در آب سودہ بچے کو چٹانا شروع کریں۔ عوارضات بہت جلد رفع ہونگے۔ وہ نسخہ مبارک یہ ہے۔

برگ نیم۔ برگ حنا۔ کتھ۔ کچور۔ سنس سپید۔ دبدل (آں ہرمچی) لکھپان سپید۔ رتن جوت رسوت۔ ریوند خطائی۔ صندلین۔ دھائیں مشک بالا۔ برگ جہانا۔ برگ سرس برگ صنیت۔ کالی زیری۔ مرچ سیاہ۔ کشنیز مقشر۔ اجوائن دیسی۔ تخم کرنس انیسوں۔ گیرو۔ مغز نارجیل۔ چاکسو۔ تخم کاسنے۔ مساوی الوزن

کوٹ چھان کر ظرف مینائی میں رکھیں عند الضرورت بقدر مناسب دوالیکر شہد میں حسب بقدر زاید از فلفل سیاہ بنا دیں۔ ابتدائے ایام حمل سے ایک گولی روز کھلاویں تا ایام رضاعت جاری رکھیں اگر مریضہ کو سخت قبض کی عادت ہو یا امتلا اخلاط دیکھیں۔ تو شروع ماہ پنجم و قبل ششم میں ورق گل سرخ گلقند کو گلاب میں گھوٹ چھان کر پلادیں یا ملیں مبارک سے تلیین کرادیں۔ جوش خون و امتلاد غلبہ خون میں جونک لگوادیں (شاذ و نادر ایسا کیا ہے) بعد ولادت بچے کو گلسرخ گل بنفشہ۔ باڑنگ۔ بادکنہ۔ بادیان۔ اجوائن۔ مغز املتاس کی گھٹی کی مداومت جاری رکھیں ایک مریضہ کو معجون حافظ الجنین علویخان صاحب والی سے بھی ناکامیابی ہوئی تھی بفضلہ تعالیٰ اسکو بھی اُس سے صحت کلی ہوگئی میرے والد صاحب مرحوم کا ہزارہا اور بندے کا صدہا بار کا آزمایا ہوا ہے۔ بلا خطا مجرب نسخہ ہے۔

دوا ماشرا

ماشرا کے ابتدا انتہا یا انتہا ہر درجہ میں یہ اعجاز دوا آزمائی کبھی خطا نہیں ہوئی۔ بعض مریض جن کے سر مثل بڑے تربوز کے متورم ہوئے ہوئے تھے اور سر اور آنکھیں نظر نہ آتی تھیں۔ اس کے استعمال سے فوری فائدہ ہوا میرے پاس ماشرا کے مریض خواہ ابتدا میں آویں ہرگز فصد نہیں کراتا۔ بفضلہ تعالیٰ اس کے استعمال سے مریض رو بصحت لانے لگتا ہے اور ایک دو یوم میں صحت کلی حاصل ہو جاتی ہے۔ جملہ ناظرین کرام کو عند الضرورت یہ دوا آزمانی چاہیئے۔ برگ فراش جس کے پتے پتلے لمبے سینکوں کی مانند گچھے گچھے ہوتے ہیں ان پتوں کو باریک کاٹکر پتھر کی کونڈی میں پانی کا چھینٹا دیدے کر خوب گھوٹا دیں تاکہ باریک لیپ ہو جاوے۔ تمام

پیشانی منہ سر اور آنکھوں پر لیپ کر دیں جہاں سے خشک ہو کر اوترنا جاوے اور لیپ کرتے جاویں جس سے مریض کو تسکین ہوتی جاتی ہے۔ اور اشتداد مرض رک جاتا ہے اگر ضماد سے قبل روغن گل سے چرب کر لیں بہتر ہے۔ تبرید و تسکین کے لئے آب نقوع تمر ہندی و آلو بخارا و کشنیز و شیرہ عناب لعاب بہیدانہ و شیرہ مغز تخم ہندوانہ و شربت عناب و نیلوفر وغیرہ دیں۔ غذا مناسب حال مریض حسب رائے طبیب دیں۔ بعض دواؤں میں قدرت یزداں کے مخفی راز انسان کو محو حیرت کر دیتے ہیں۔ اس دوا نے بعض معرکتہ الآرا علاجوں میں مجھے نہایت کامیابی بخشی۔ اب ماشرا کا علاج میں اسی مزدوا سے کیا کرتا ہوں۔ بفضلہ تعالے ہمیشہ کامیابی ہوتی ہے۔

نوشدارو لولوے عنبری

تقویت دل اور تفریح کے لئے معمولی مقوی اعضائے رئیسہ مالیخولیا اور توحش قلب میں نہایت مفید مقوی باہ بھی ہے مقدار شربت ۲ ماشہ تا ۳ ماشہ۔ غنچہ گلسرخ پشاوری ۱۲ ماشہ۔ سعد کوفی ۷ ماشہ۔ قرنفل ۱۰ ماشہ۔ مصطگی ۱۰ ماشہ۔ اسارون ۱۰ ماشہ۔ سنبل الطیب ۱۰ ماشہ۔ دانہ الائچی خورد ۱۰ ماشہ۔ دانہ الائچی کلاں ۷ ماشہ۔ زرنب ۷ ماشہ۔ لبنیا برشہ ۷ ماشہ۔ جوز بویا ۷ ماشہ۔ دار چینی ۷ ماشہ۔ ترنج ۷ ماشہ۔ زعفران کشمیری ۷ ماشہ۔ بہمن سرخ ۳ ماشہ۔ بہمن سفید ۳ ماشہ۔ طباشیر ۳ ماشہ۔ صندل بگلاب سودہ ۳ ماشہ۔ پوست ترنج ۳ ماشہ۔ عود ۳ ماشہ۔ مبا ذج ہندی ۳ ماشہ زرنباد ۱۰ ماشہ۔ مروارید ناسفتہ ۳ ماشہ۔ مشک ایک ماشہ۔ عنبر اشہب ۱ ماشہ۔ ورق نقرہ ۱۲۰ عدد۔ آب انار شیریں ۱۰ تولہ۔ قند و عسل بالمناصفہ ۵۰ تولہ

آملہ مربی خستہ دور کردہ ۲۰ تولہ زعفران درگلاب حل کردہ قوام عسل و قند شربت وآملہ مربا۔ باریک کردہ آمیز کرکے عنبر و مشک بدستور طبی شامل کرکے طیار کریں۔

دوا درد فم معدہ

فم معدہ کے شدید درد میں جو دورے سے ہوا کرتا ہے اس میں یہ نسخہ ازحد مفید اور مجرب ہے۔ اجوائن دیسی صاف ۵ تولہ۔ نوشادر نیمکوب ۲ تولہ ملا کر ظرف بلوری میں ڈال کر اوس پر تیزاب گندہک خالص بقدر دو تولہ ڈال کر لوہے کی سیخ سے ہلا کر چھوڑ دیں۔ دو تین یوم میں سیاہ رنگ کی دوا طیار ہو جاوے گی۔ عین دورہ درد کے وقت بقدر کنار صحرائی گولی بنا کر پانی کے ہمراہ کھلادیں دانتوں کو دوا نہ لگے۔ ۳ یوم متواتر کھلاویں۔ دورہ پہلی ہی خوراک میں رفع ہو جاوے گا سوہضم درد معدہ میں بقدر نخود کھلاویں معمول ہے۔

مرض طحال

یہ نسخہ بڑا اکسیر ہے۔ سنکونا فیوج ۳۶ گرین ایسڈ۔ نائٹرک پیور ۲۵ بوند ایسڈ ہیڈ وکلورک پیور ۲۰ بوند۔ فرائی سلفاس ایک ڈرام یہ تینوں باہم ملاؤ۔ پھر دوائی نمبر ا کو کسی قدر پانی میں حل کرکے یہ دوائی میں حل کرو۔ پھر اور چیزیں ملاؤ لیکوراسٹرکنیا ایک ڈرام لکوئیڈ اکسٹراکٹ آرگٹ ۲ ڈرام الپسم سالٹ ۱۲ ڈرام لکوئیڈ اکسٹراکٹ آرگسٹ ۲ ڈرام ہابسم سالٹ ۱۲ ڈرام اسٹرکسٹ بلوڈونا ۳ گرین۔ ایکوا انیس اسائی ۱۲ اونس ایک ایک اونس دن میں دو دفعہ کسی قدر پر معدہ میں استعمال کریں واضح رہے کہ اس نسخہ کا بنانا ذرا مشکل ہے پر کل آدمی بمشکل آسان سے بنا سکتا

ہے اور اگر کوئی ناواقف ہوگا تو کئی دوائی کے پیلے اور بدبو پڑجانے سے نسخے کے خراب ہونے کا احتمال ہے۔ لہذا گذارش ہے کہ نسخہ مرقومہ بالا کسی لایق حکیم کے مشورے سے بنایا جائے ÷

ذیابیطس

سنکونا فبری فیوج ۳ گرین۔ ایسڈ سلفیورک ۱۰ بوند پوٹاسی برمنگے ناس ۱/۴ گرین سپرٹ اینی سائی ۱۰ بوند پانی صاف ایک اونس ایسی ایک خوراک صبح ایک شام پیا کریں مکسچر مذکورہ کو ہمراہ ایک گولی کلسیا کی سلفائڈ لیگسر کیچر لیا کریں۔ خوراک دودھ گوشت مچھلی ہر ایک سبزی اور گھی میں پکی ہوئی روٹی گندم وغیرہ مقوی اشیاء ÷

کشتہ چاندی

ترکیب اسکی یہہ ہے کہ اجوائن اجمودی دس تولہ لیکر دو بڑے اُپلوں میں چھوٹا سا گڑھا بنا کر اُس کے درمیان روپیہ رکھ کر اُوپر روپیہ دیکر دس سیر آگ دیدو اسیطرح تین بار آگ دیکر اجوائن ڈالکر بناؤ۔ کُشتہ ہوجائے گا۔ خوراک دو چاول بالائی کے ساتھ دودھ گھی خوب استعمال کریں ÷

امراض معدہ

سیلان و رطوبت رحم۔ زخم رحم۔ زخم رحم۔ کثرت اسقاط۔ سنگرہنی ضعف دماغ ہائی دراسٹیٹن ۱/۴ اگرین کریو فلاین ۹ گرین اکسٹرکٹ رائی بسر نیج مداڑ ۱/۴ اگرین پودری

آئی ناٹی ٹرم ۱۵ گرین ایکسٹرکٹ کچلا ۲ ڈرام ۔ اِس کی ۲۰ عدد گولیاں بناویں ایک صبح دوسری شام کھانے کے آدھ گھنٹہ بعد ؛ بویں پرہیز ترشی لال مرچ تیل ؛

کھانسی

سرپ ٹولو ۲ ڈرام ٹنکچر سیلا ۵ ڈرام ۔ ٹنکچر کمفر کو ½ ڈرام وینیم اپیکاک ۲۰ بوند اسپرٹ کلوروفارم ½ ڈرام ۔ اسپرٹ امونیا ½ ڈرام بالکلا کشن سینیگا ۶ اونس یہ ۶ خوراک ہیں بحساب فی خوراک ایک اونس تین دفعہ ؛

کشتہ فولاد

ہاتھی سونی بوٹی جو کہ موسم برسات میں عموماً خشک مقام پہ پیدا ہوتی ہے ۔ فولاد کے برادہ کا کشتہ اس میں اس طریق سے ہوتا ہے کہ فولاد کا برادہ لیکر مٹی کے برتن میں ڈال دیں ۔ اور تازہ بوٹی مذکورہ کا پانی چہار چند اس پر ڈالیں سبز آگ کے کشتہ ہو جاتا ہے ۔ اگر ایک دفعہ نہ ہو تو دوسری دفعہ ڈالنے سے بہت جلدی کشتہ ہو جاتا ہے ضعف جگر ۔ استسقا ۔ ضعف معدہ ورنہ سیح البواسیر وسستی بدنما و لاغری جسم اسہال صفراوی سے اس کے استعمال سے ایک ہفتہ میں آرام ہو جاتا ہے ۔ خوراک ۲ رتی ہمراہ ادویہ مناسب کے ۔ یہ عجیب ہے ؛

کشتہ ہڑتال رقیق النفس اسہال بلغمی قوت باہ

زرنیخ اصفر ا تولہ کو شیر مدار میں آٹھ روز تر رکھیں اور پھر اس کو دس سیر اپلوں کی آگ خفیف دیویں ۔ انشاءاللہ کشتہ ہو جائے گا خوراک ایک رتی

ہمراہ شربت ذوفا ۳ تولہ عرق گاؤزبان ۳ تولہ عرق عنب الثعلب ۳ تولہ عرق بادیان ۳ تولہ صبح و شام۔

کشتہ شنگرف

شنگرف ۱ تولہ۔ پوست قشر بیضہ ۸ عدد میں کھرل کریں جب گولی بن جاویں تو مٹی کی ڈوبلی بنا کر اس میں بند کرکے ۲۰ سیر اوپلوں کی آتش دے دیویں۔ اس سے کشتہ پوست بیضہ و شنگرف عجیب سفید ہو جائے گا۔ نکال کر باریک سا کریں۔

قایمی نظر کے واسطے مجربات ہے

بادیان ۶ ماشہ۔ مغز بادام مقشر ۷ عدد رات سوتے وقت کھائیں۔

سوزاک و قرحہ

اول رینڈی کا جلاب لیں جب تین مسہل گذر جائیں اور پیٹ ملائم ہو جاوے تو برگ ببول نرم ۳ تولہ رات کو پاؤ بھر پانی میں تر کریں صبح ملکر چھان کر ۲ تولہ روغن زرد گرم کرکے ملا کر نوش کریں دو روز تک اسی ترکیب سے نوش کریں بروز سویم روغن زرد کو موقوف کرکے وہی برگ درست پیتے میں انشاءاللہ کیسا ہی سوزاک کہنہ ہو نابود رفع ہو گا۔

چہرے پر سفید داغ

گوگل گندھک۔ آملہ سار برابر وزن بکری کے دودھ میں گھسکر لگایا کریں خدا چاہے ضرور آرام ہوگا

مہاسہ

کیسر۔ مجیٹھ۔ سرسوں۔ ہلدی۔ سوڈا۔ کافور۔ صابون۔ سوڈا بائی کارب برابر وزن سفوف تیار کریں اور آدھ پاؤ پانی ملا کر منہ پر خوب مالش کریں اور گرم پانی سے دہو یا کریں۔ مفرح ومقوی ہے ÷

حلوا بیضہ مرغ

بیس عدد انڈوں کی زردی لیکر خوب حل کرکے روغن زرد ڈیڑھ پاؤ میں نرم آنچ پر پکائیں۔ بعد پھر پاؤ شکر کا قوام کرکے انڈوں میں داخل کریں اور ساتھ ہی سفوف دارچینی۔ جاوتری۔ زعفران تین تین ماشہ۔ دانہ الائچی سفید دو ماشہ۔ شقاقل مصری۔ تعلب مصری ایک ایک تولہ ملائیں۔ خوراک حسب طبیعت برداشت صبح کو کھلائیں!

حلوا دافع سرعت انزال

ترنجبین خراسانی۔ شکر سفید نو نو تولہ۔ شہد اٹھارہ تولہ لیکر شیر گاؤ یا دو سیر میں حل کرکے چھانکر کھویہ بنائیں۔ اور مغز تخم کونچ۔ بہمن ایک ایک تولہ۔ شقاقل۔ ستاور ہندی۔ مغز بادام مقشر۔ مغز چلغوزہ۔ مغز پستہ تین تین تولہ۔ نرکچور۔ جاوتری چھ چھ ماشہ۔ زعفران چار ماشہ۔ ان کا سفوف کرکے ملائیں حسب طبیعت تولہ کھلانا شروع کریں

بَابُ الخاصُ

نُسخہ حبُوب اکبّری جو ۶۲ مرضوں کیلئے مُفید ہے درج کیا جاتا ہے

نُسخہ:۔ جمالگوٹہ مدبر سات تولہ۔ میٹھا تیلیہ جو دو سیر دودھ میں مدبر کیا ہوا ہو۔ ایک تولہ سیماب صاف۔ گندھک آملہ سار۔ صاف ہڑتال ورقی۔ زنجبیل۔ مرچ سیاہ۔ شیطرج ہندی۔ ہلیلہ۔ بلیلہ۔ آملہ۔ فلفل دراز۔ سنائی۔ ریوند چینی ہر ایک دو تولہ عرق بھنگرہ میں دس روز خوب کھرل کریں پھر گولیاں بقدر ماش تیار کر کے ہر مرض کو مناسب بدرقہ کے ساتھ استعمال کریں۔ نہایت مجرب و مُفید ہے۔

نمبر شمار	نام مرض	بدرقہ
۱	درد چشم	ایک گولی قدرے سفید زیرہ و آملہ لیکر پانی میں گھسکر آنکھوں میں لیپ کریں
۲	سرخی چشم	ایک گولی عرق گل کنچر سے لگائیں اگر پھول نہ ملیں تو تلونکو پانی میں بھگو کر اس پانی میں گھسکر آنکھوں میں لگائیں سرخی بفضل خدا دور ہو۔
۳	ڈھلکہ	ایک گولی قدرے تیل سرسوں میں گھسکر لگائیں ڈھلکہ دور ہو۔
۴	پُرانا تپ	ایک گولی روغن السی ۲۰ ماشہ کیساتھ ۳ روز برابر بلاناغہ کھلائیں۔
۵	باریک تپ	کیلیئے ایک گولی ساتھ زیرہ سفید ۲ ماشہ شکر سفید ۷ ماشہ پیسکر کھلائیں۔
۶	بچھو کے کاٹنے	پر ایک گولی سونٹھ کے پانی میں حل کر کے زخم پر لگائیں۔
۷	کرم و داز شکم	ایک گولی عرق ادرک کے ساتھ نوش کرائیں۔
۸	پیشاب کھولنے	کیلیئے ایک گولی ۹ ماشہ سفوف سونٹھ کے ساتھ کھلائیں۔

نمبر شمار	نام مرض	ہدایت
9	ہاضمہ	ایک گولی اجوائن ۹ ماشہ کے ساتھ بعد کھانا کھانے کے نوش کرائیں۔
۱۰	کمزوری معدہ	ایک گولی برگ پان کیساتھ چند روز کھلانے سے طاقت ہو۔
۱۱	اسہال دیرینہ	ایک گولی گائے کی چھاچھ کیساتھ کھلانا اسہال بند کرے۔
۱۲	درد جوڑ	" " عرق بھنگرہ چار ماشہ کے ہمراہ ۳ روز برابر کھلائیں۔
۱۳	دل دھڑکنا/گھبراہٹ	" " دس عدد سیاہ مرچ کیساتھ ۳ روز برابر کھلائیں۔
۱۴	سوزاک	ایک گولی بکری کے دودھ کیساتھ چند روز کھلائیں۔
۱۵	جریان	ایک گولی عرق سمبھالو ۱۰ ماشہ یا بکری کے دودھ سے کھلائیں۔
۱۶	سکتہ	" پیپل دراز کے پانی میں گھسکر آنکھ میں لگائیں۔
۱۷	بدبوئے دہن	" ۱۰ ماشہ قند سیاہ کیساتھ چند روز کھلائیں اور پان استعمال کرائیں۔
۱۸	خرابی معدہ	ایک گولی شیرہ پان کے ساتھ کھلائیں۔
۱۹	درد سر	ایک گولی سفوف پوست ہلیلہ۔ بلیلہ ۱ ماشہ کیساتھ کھلائیں۔
۲۰	درد نیم سر	" روغن سیاہ میں حل کرکے سر پر پالش کریں۔
۲۱	جالو دہر	" سفوف منڈی بوٹی یا برہم ڈنڈی ۳ ماشہ کے ہمراہ ۷ یوم کھلائیں۔
۲۲	مقوی باہ	ایک گولی شہد خالص ۳ ماشہ کیساتھ چند روز کھلائیں۔
۲۳	تمسک	ایک گولی پان کے ہمراہ قبل از جماع کھلائیں اس روز کھانا نہ کھائیں۔
۲۴	ملذذ	" سفیدی بیضہ مرغ میں حل کرکے طلا کریں۔
۲۵	سر میں چکر	ایک گولی سفوف سرنج ۱ ماشہ کے ہمراہ کھلائیں اگر پان میں حل کرکے پیشانی پر لگائیں تو قبض کو بھی دور کرے۔
۲۶	مرگی	ایک گولی پیپل [illegible] ماشہ کیساتھ پانی میں پیسکر ناک میں پھونکیں مفید ہے۔

نمبر شمار	نام مرض	بدرقہ
۲۷	داغ سفید یعنی برص	ایک گولی سفوف تخم کورنج و دھتورہ ایک ایک ماشہ کیساتھ ۱۲ روز تک کھلائیں۔ اگر زیادہ گرمی کرے تو سفوف تخم کورنج ایک ماشہ دھنیا ایک ماشہ کے ساتھ کھلائیں اور گولی داغوں پر گھسکر لگائیں۔
۲۸	باؤسوں	ایک گولی روغن خشخاش ۱۰ ماشہ یا شیرہ ادرک کیساتھ کھلائیں۔
۲۹	ناسُور	ایک گولی بلی کی ہڈی کے ہمراہ گھسکر لگانا ناسُور کو رفع کرتا ہے
۳۰	گنج سر	” گھونگچی ۳ ماشہ آملہ کے پانی میں پیسکر چند روز سر پر لگائیں
۳۱	ناخنہ	” زیرہ سفید میں حل کر کے آنکھ میں دو تین دفعہ لگائیں۔
۳۲	اسہال کو روکنے کیلیے	” اجوائن ۱۰ ماشہ کے ساتھ کھلائیں مفید ہے۔
۳۳	خونی اسہال	ایک گولی قند سیاہ ۷ ماشہ و موچرس ۲ ماشہ کے ہمراہ ۷ روز کھلائیں۔
۳۴	دردگوش	ایک گولی ہمراہ سونٹھ ۱/۲ ماشہ عورت کے دودھ میں گھسکر کان میں ڈالیں آرام ہوگا
۳۵	درد دنداں	” ہمراہ برگ کٹائی ۱ ماشہ کے چبائیں اور دانتوں پر ملنا بھی مفید ہے۔
۳۶	اندھراتا	” لعاب دہن ہتھیلی پر گھسکر آنکھ میں تین روز لگائیں۔
۳۷	کدو دانہ	” ہمراہ تخم چرچرہ ۳ ماشہ نہار منہ کھا کر اوپر سے پان کھلائیں۔
۳۸	حیض کھولنے	” ہمراہ بیضہ مرغ ۴ روز کھلائیں اور آب گرم سے ہر روز غسل کریں۔
۳۹	باد فرنگ	ایک گولی ہمراہ برگ نیم ۳ تولہ پانی میں گھوٹکر چالیس روز کھلائیں۔
۴۰	قے کو روکنے	” تین حصہ ہینگ کے ساتھ ملا کر کھلائیں۔
۴۱	سنگ مثانہ	” ہمراہ زیرہ سفید ۱ ماشہ پانی میں پیسکر پلائیں۔
۴۲	جھنجھناہٹ بدن	دس گولیاں روغن [illegible] ہمراہ ۲ تولہ سیندور ملا کر [illegible] تک مالش کریں
۴۳	زکام	ایک گولی سفوف سونٹھ ۳ ماشہ کے ہمراہ سات روز کھلائیں۔

نمبر شمار	نام مرض	طریقہ
۴۴	درد کمر	ایک گولی لونگ ۵ عدد و ادرک ۷ ماشہ کے ہمراہ کھلائیں۔
۴۵	پیچش	ایک گولی ہمراہ سونٹھ ۳ ماشہ اور ایک چھٹانک دودھ گائے گرم کر کے پلائیں اگر گرمی کرے تو پھر ۲ ماشہ سونٹھ ڈالیں۔
۴۶	پیشاب باربار	ایک گولی دھنیا ۳ ماشہ کے ہمراہ روز کھلائیں۔
۴۷	درد ناف	″ پانچ عدد لونگ کے ہمراہ کھلائیں۔
۴۸	درد مقعد	″ ہمراہ بھنگ ۳ ماشہ کے ۷ روز برابر استعمال کرائیں۔
۴۹	عقیمہ	″ ہمراہ چہارم حصہ کافور کے کھلائیں۔
۵۰	بواسیر ہر قسم	ایک گولی شیرہ آکاس بیل ۳ ماشہ کے ہمراہ ۱۲ روز کھلائیں۔
۵۱	دافع زہر	ایک گولی صبح ایک گولی شام پانی سے کھلائیں۔ زہر اثر نہ کرے۔
۵۲	پینڈو روگ	ایک گولی میتھی ۷ ماشہ کے ہمراہ ۷ روز کھلائیں۔
۵۳	سانپ کاٹنے	کیلئے فوراً پچھنے لگا کر ایک گولی پانی میں گھسکر لگانا مجرب ہے۔
۵۴	آگ جلائے	ایک گولی آب آملہ میں گھسکر جلی ہوئی جگہ پر لگائیں۔
۵۵	تشنگی دور	″ زیرہ سیاہ دو ماشہ کے ہمراہ کھلائیں۔
۵۶	سستی	″ سفیدی بیضہ مرغ میں حل کر کے چند روز آلہ تناسل پر طلا کریں۔
۵۷	تپ لرزہ	″ اجوائن ۷ ماشہ کے ہمراہ کھلائیں۔
۵۸	جنون	″ شیرہ گھیکوار سات ماشہ کے ہمراہ ۴۰ روز کھلائیں۔
۵۹	دافع قبض	″ نیم گرم پانی کے ہمراہ رات کو سوتے وقت کھلائیں۔
۶۰	جلاب	پہلے ۳ روز کھچڑی کھلا کر پھر دس سال کی عمر تک دو گولی اور جوان کو چار سے ۶ گولی تک کھلا کر اوپر سے پان چبانے کو دیں۔
۶۱	درد پسلی	ایک گولی یا نصف شیر مادر میں گھسکر بچہ کو پلائیں۔

جدید

نیلی چھتری

[illegible] حیرت خیز ناول (۱)

[illegible] حیرت انگیز ناول

جس میں ایک تنگ و تاریک کوچہ میں ایک آدمی کا پولیس کو چھپے کھڑے دکھائی دینا۔ پولیس کا اُسکو ڈنڈوں کا نشانہ بنانا۔ بعد تفتیش لاش کا ثابت ہونا۔ جامہ تلاشی کرنے پر کئی نوٹ اور نقد روپیہ کے علاوہ بہت سی اشیاء برآمد ہونا۔ مقتول کو کسی شخص نے شناخت نہ کرنا۔ قاتل کا کوئی پتہ نہ چلنا۔ پولیس کی سرتوڑ کوشش سے ایک مکان پر قتل کا شبہ ہونا۔ مکان کا قفل توڑ کر چند ایک اشیا و اوزار قتل برآمد ہونا۔ اخبارات کی قتل کے متعلق رائے زنی کرنا۔ انسپکٹر پولیس کا چلتی گاڑی سے مال چوری جانا۔ انسپکٹر کا اپنی غفلت پر خود ہی لعنت ملامت کرنا۔ چور کا چلتے وقت ایک لفافہ بند کر کے انسپکٹر صاحب کی نشست گاہ کے نیچے رکھنا۔ جس کے کھولنے پر یہ معلوم ہوا کہ اسباب چرانے والا صرف چور ہی نہیں۔ بلکہ متذکرہ بالا لاش کا قاتل بھی ہے۔ قاتل کا انسپکٹر پولیس کو تحریری قتل کی دھمکی دینا۔ اور لکھنا کہ باوجود ہزار کوششوں کے تم قاتل کو گرفتار نہیں کر سکتے۔ ایک کم سن بچہ کے ہاتھ سراغرسانکو خط پہنچانا۔ جس میں تعاقب نہ کرنے کی تاکید کرنا۔ ورنہ بحالت دیگر قتل کی دھمکی دینا۔ قاتل کے ایک ہم مشرب کا کپتان پولیس کا بھیس بدل کر لائق سراغرسان کو دھوکا دینا۔ اور اپنے مخفی مقام رہائش پر لیجانا۔ سراغرسان کو ہزارہا قسم کی دھمکیاں دیکر مجبور کرنا۔ کہ وُہ قاتل کا تعاقب چھوڑ دے۔ مگر اسکا انکار کرنا۔ آخر اُسے رحم کھا کر چھوڑ دینا۔ قاتل کا انسپکٹر پولیس کو زندہ اڑا لیجانا اور قید رکھنا۔ پولیس کی اَن تھک کوشش اور سراغرسانی کی جانبازانہ جرأت سے پولیس کا اصلی راز کی تہ تک پہنچنا۔ مشتبہ مکان میں ایک سرنگ کا کئی میل بر آمد ہونا۔ جعلی نوٹوں کے بنانے کا ثبوت ملنا وغیرہ وغیرہ حالات نہایت تعجب خیز پیرایہ میں مندرج ہیں یہ تصنیف اس قابل [illegible] تحسین لے سے آنکھوں پر رکھیں اور سلسلہ سراغرسانی کے شیدا حرز جان بنائیں [illegible]

[illegible] کی خوبی محض مطالعہ پر منحصر ہے۔ قیمت صرف ایک روپیہ ایک آنہ

[illegible] فضل الدین فضل کریم تاجران کتب مالکان فضل بکڈپو فضل منزل ۲۷ لاہور

[illegible] منزل ۲۷

جدید

نیلی چھڑی

زمانی کا حیرت انگیز ناول

سراغرسانی کا حیرت انگیز ناول

ایک قابلقدر تصنیف جس کا نام نامی چار دانگ عالم میں مشہور ہے۔ اور جسکی تعجب خیز طرز تحریر کے ہزاروں کیا بلکہ لاکھوں شیدائی ہونگے جس میں ایک معزز و شریف نامور ڈاکو ڈاکرٹا کی عیاری و پُر فطرت چالوں کا خاکہ زہد و تقوی کی آڑ میں ڈاکہ زنیاں۔ ڈاکو ڈاکرٹا کا پولیس افیسر کو شہزادی کی جواہر نگار چھڑی کی سر دربار چوری کرنیکا ایک ہفتہ پیشتر نوٹس دینا۔ پولیس کا معقول انتظام و کمال کوشش کے باوجود ملزم کا جواہر نگار چھڑی چرا کر صاف نکلجانا۔ دربار عالم میں ڈاکو اور پولیس کی کشمکش و حیرت خیز جوش و خروش افسر پولیس کی تعجب انگیز کارروائیاں دار و ئے بیہوشی و پستول بے آواز کی ایجاد۔ اور استعمال۔ لائق تجربہ کار اور مشہور عالم سراغرساں کی انکشاف راز کے لئے سر توڑ کوشش۔ ایک معزز شریف خاندان کے رئیس کا طمع زر کے باعث جواہر نگار چھڑی کی چوری میں مدد دینا۔ رئیس معزز زدست کا ڈاکو ڈاکرٹا کے ہاتھوں جام مرگ نوش کرنا۔ ایک اور نوجوان سراغرسان کا ہیئت تبدیل کر کے ڈاکرٹا کا تعاقب کرنا۔ اور ڈاکرٹا کے مکان کے اندر بے ہرس گھس جانا۔ ڈاکو کے جال میں پھنسکر سخت زخمی ہونا۔ اور زیرتک بے ہوش پڑا رہنا۔ ڈاکرٹا کا اپنے مددگار رئیس کے مکان پر بغرض ملاقات جانا۔ اور اُس کے مُنہ میں کپڑا ٹھونس کر شکیں باندھ کر اڑا لیجانا۔ آخرکار پولیس کی ان تھک کوششوں سے ملزموں کا گرفتار ہونا۔ اور ڈاکو ڈاکرٹا کا کئی ایک جرموں کو تسلیم کرنے کے علاوہ اپنے حقیقی چچا و دیگر رشتہ داروں کے خون کا عدالت کے روبرو اقبال کرنا۔ عدالت کا انصاف۔ مجرم کو سزائے موت دیگر ملزمان کو قید وغیرہ وغیرہ تعجب خیز واقعات درج ہیں۔ جس کے پڑھنے سُننے سے بہت سے دماغ بہرہ ور نہ ہونگے ہمارا دعوی ہے کہ چند اوراق کا مطالعہ تمام تصنیف کے پڑھنے پر مجبور کرے گا۔ قیمت صرف ایک روپیہ آٹھ آنہ

منگوانے کا پتہ۔ منشی فضل الدین فضل کریم تاجران کتب و مالکان فضل بکڈپو فضل ...

CC-0. Kashmir Research Institute, Srinagar. Digitized by eGangotri

CC-0. Kashmir Research Institute, Srinagar. Digitized by eGangotri

Srinagar. Digitized by eGangotri